**17.07.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------

☆ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ حکومت بھارتی نرس Nimisha Priya معاملے میں ہر ممکن مدد فراہم کر رہی ہے اور بھارت، یمنی حکام اور دوست حکومتوں کے رابطے میں ہے۔

☆ سودیشی طرز پر ڈیزائن کئے گئے ہتھیار سسٹم، آکاش پرائم کا لداخ میں بلندی پر کامیاب تجربہ کرتے ہوئے بھارت نے دفاعی شعبے میں بڑا سنگ میل عبور کیا ہے۔

☆ پیٹرولیم کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ حکومت کو روسی خام تیل پر عائد پابندیوں سے تشویش نہیں ہے۔ جناب پوری نے کہا کہ نیا بھارت، دباؤ میں نہیں بلکہ باأثر طور پر کام کرتا ہے۔

☆ عراق کے الکوت شہر میں لگی زبردست آگ میں 60 لوگوں کی موت ہوگئی۔

☆ بھارتی محکمہ موسمیات نے شمالی بھارت کے حصوں میں اگلے کچھ دن کے دوران شدید ترین بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ بہار میں بجلی گرنے کے واقعات میں 19 لوگوں کی موت ہوگئی۔

☆ اور ایشیا کی اعلیٰ ترین درجہ بندی کی حامل Para Lawn ٹینس کھلاڑی، لکشمی جڈالہ نے گوالیار میں نیشنل ٹینس چمپئن شپ 2025 میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی جڈالہ، اسپیشل اولمپکس ورلڈ گیمز 2027 کیلئے کوالیفائی کرگئی ہیں۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

***MEA Nimisha Priya***

خارجی امور کی وزارت نے کہا ہے کہ یمن میں Nimisha Priya کا معاملہ، ایک حساس معاملہ ہے اور بھارتی حکومت نے اِس کیس میں ہر ممکن مدد کی پیشکش کی ہے۔ آج سہ پہر نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ یمن میں مقامی حکام نے اِس مہینے کی 16 تاریخ کو اُسے دی جانے والی سزا کو ملتوی کر دیا ہے۔

2100- MEA Nimisha Priya

نیٹو کے سکریٹری جنرل Mark Rutte کے بیان پر ترجمان نے اِس بات کا اعادہ کیا کہ اپنے عوام کی

توانائی کی ضرورتوں کو پورا کرنا، بھارت کی اولین ترجیح ہے۔

2100- Energy Need

### PM Bihar Visit

وزیر اعظم نریندر مودی کل بہار اور مغربی بنگال کا دورہ کریں گے۔ وزیر اعظم، بہار کے موتیہاری میں 7ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے، افتتاح کریں گے اور اِنہیں ملک کے نام وقف کریں گے۔ یہ پروجیکٹ، ریلویز، سڑک، دیہی ترقی، ماہی پروری، الیکٹرانکس اور مواصلاتی ٹیکنالوجی کے شعبوں سے متعلق ہیں۔ جناب مودی، چار نئی امرت بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ وزیر اعظم مودی، دین دیال اَنتودیہ یوجنا، قومی دیہی روزگار مشن کے تحت بہار میں 400 کروڑ روپے کی رقم کو 61ہزار 500اپنی مدد آپ گروپوں کو بھی جاری کریں گے۔ مغربی بنگال میں بھی وزیر اعظم 5ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے، افتتاح کریں گے اور اِنہیں ملک کے نام وقف کریں گے۔ x

### PM South Korea

جنوبی کوریا کے خصوصی سفیروں کے ایک وفد نے آج نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے مودی نے بھارت–جنوبی کوریا، اہمیت کی حامل شراکت داری کو آگے لے جانے کے بھارت کے عزم کا اعادہ کیا۔ جناب مودی نے پچھلے مہینے جنوبی کوریا کے صدر Jaemyung Lee کے ساتھ اپنی ملاقات کو یاد کیا۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ جمہوریتوں کے مابین قریبی تعاون سے بھارت–بحر الکاہل خطے میں امن و استحکام اور خوشحالی میں اضافہ ہوا ہے۔ x

### Prez Swachh Survekshan

اِندور میں لگاتار آٹھویں سال بھی بھارت کے سب سے صاف ستھرے شہر کا اپنا خطاب برقرار رکھا ہے۔ مرکزی حکومت کے سالانہ صفائی ستھرائی سروے میں سورت نے دوسرا جبکہ نوی ممبئی نے تیسرا مقام حاصل کیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں منعقدہ تقریب کے دوران، سووچھ سرویکشن 2024-25کے نویں ایڈیشن کے انعامات دیئے۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ صفائی ستھرائی، وکست بھارت 2047وژن کے سب سے اہم پہلوؤں میں سے ایک ہے۔ صدر جمہوریہ نے ملک کو صاف، صحت مند اور ترقی یافتہ بنانے کیلئے ہم وطنوں سے آگے آنے کی اپیل کی۔

S/B President Viksit Bharat 26 SEC

تین لاکھ سے دس لاکھ کے درمیان کی آبادی والے شہروں کے زمرے میں نوئیڈا سب سے صاف ستھرا شہر بن کر ابھرا۔ وہیں چنڈی گڑھ نے دوسرا اور میسور نے تیسرا مقام حاصل کیا۔ دوسری جانب دس لاکھ سے زیادہ آبادی

والے شہروں کے زمرے میں احمدآباد نے پہلا مقام حاصل کیا۔ تقریب کے دوران، مختلف زمروں کے 78انعامات دیئے گئے۔ اِس سال چار زمروں میں انعامات دیئے گئے جن میں سوپر سووچھ لیگ شہر اور آبادی کے پانچ زمروں کے سرفہرست تین شہر شامل تھے۔ سووچھ سرویکشن 2024میں مدھیہ پردیش کے آٹھ شہروں نے مختلف زمروں میں انعامات حاصل کئے۔ اِندور نے سوپر سووچھ لیگ کے شہروں میں پہلا مقام حاصل کرتے ہوئے لگاتار آٹھویں مرتبہ ملک کا سب سے صاف ستھرا شہر ہونے کا خطاب حاصل کیا۔ یہ خبر پہنچتے ہی اِندور میں تہوار جیسا ماحول ہوگیا اور لوگ ایک دوسرے کو مبارکباد دینے لگے۔ بھوپال سب سے صاف ستھرے شہروں میں دوسرے مقام پر رہا۔ اس کے علاوہ، مدھیہ پردیش کے اُجین، بُدھنی، دیواس، شاہ گنج، جبل پور اور گوالیار شہروں نے مختلف زمروں میں انعامات جیتے۔ اندور کے میئر Pushyamitra Bhargav نے اِس کامیابی پر اندور کے شہریوں کو مبارکباد دی ہے اور سبھی سے صفائی متروں کا خیرمقدم کرنے کی اپیل کی ہے۔x

## India Akash

بھارت نے بھارتی فوج کیلئے بنائے گئے آکاش ہتھیار سسٹم کے اَپ گریڈیڈ ورژن، آکاش پرائم کے ذریعے لداخ میں بلندی پر پرواز کر رہے دو تیز رفتار غیر انسان بردار نشانوں کو کامیابی کے ساتھ تباہ کیا۔ یہ ہتھیار نظام ساڑھے چار ہزار میٹر سے زیادہ کی بلندی پر کام کرنے کے لحاظ سے تیار کیا گیا ہے اور دیسی ساخت سے تیار کردہ ریڈیو فریکوینسی Seeker جیسے جدید ترین اپ گریڈ سے لیس ہے۔ یہ حصولیابی اس لئے بھی اہم ہے کیونکہ یہ آپریشن سندور کے دوران سودیسی طرز پر تیار کردہ فضائی دفاعی نظام کی غیرمعمولی کارکردگی کے بعد ملی ہے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے اس اہم سنگ میل کو عبور کرنے پر بھارتی فوج، DRDO اور اس کی تیاری میں شامل صنعت کو مبارکباد دی ہے۔x

## Hardep Oil

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ حکومت کو روسی خام تیل پر عائد پابندیوں سے تشویش نہیں ہے، کیونکہ بازار میں خاطر خواہ سپلائی دستیاب ہیں۔ نئی دلّی میں اُورجا وارتا 2025سے خطاب کرتے ہوئے جناب پوری نے کہا کہ جہاں سے بھی کم قیمت پر تیل دستیاب ہو وہاں سے بھارت تیل درآمد کرے گا۔ انھوں نے کہا کہ یہ نیا بھارت ہے جہاں حکومت دباؤ میں نہیں بلکہ بااثر طور پر کام کرتی ہے۔ جناب پوری نے مزید کہا کہ بھارت نے 27ممالک سے تیل خریدنے کی بجائے اب 40ممالک سے تیل کی خرید شروع کرتے ہوئے اپنے سپلائی کے ذرائع کو وسیع کردیا ہے۔

S/B 2100 Puri Oil Prices

## Bihar Shivraj

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے زرعی یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ وزیر اعظم کی کرشی دَھن دھانیہ یوجنا کے تحت زرعی پیداوار کو بڑھائیں۔ آج بہار کے سمتی پور میں واقع پوسا انسٹی

ٹیوٹ میں ڈاکٹر راجیندر پرساد سینٹرل ایگریکلچرل یونیورسٹی کی چوتھی جلسۂ تقسیم اسناد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ زرعی پیداوار اور پیداواریت کو بڑھانے کیلئے اِس اسکیم کے تحت 100اضلاع کو منتخب کیا گیا ہے۔ جناب چوہان نے اِس بات کا بھی تذکرہ کیا کہ کرشی دَھن دھانیہ یوجنا کے تحت بہار کے اضلاع کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ x

## Iraq Fire

عراق میں آج Al-Kut شہر کی ایک Hyper Market میں بڑے پیمانے پر آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا، جس میں کم از کم 60افراد کی موت ہو گئی اور متعدد زخمی ہوگئے۔ صوبائی گورنر نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ ایک Hyper Market اور ایک ریستوراں میں آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا اور آگ بجھانے والے عملے نے بہت سے لوگوں کو بچایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمارت اور Mall کے مالکان کے خلاف معاملہ درج کر لیا گیا ہے۔ اِسی دوران، اِس واقعہ کی تحقیقات بھی کی جا رہی ہے۔ ابھی تک آگ لگنے کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی ہے۔x

## Pakistan Torrential Rain

پاکستان میں پچھلے تین ہفتے سے جاری مانسون کی بارش اور اس سے وابستہ واقعات میں کم از کم 124افراد ہلاک اور 264زخمی ہوئے ہیں۔ پنجاب صوبے میں بارش سے وابستہ واقعات میں چھتوں کے گرنے اور بجلی لگنے سے 44افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ اِسی طرح بلوچستان میں بھی بارش سے متعلق واقعات میں 16افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ پنجاب صوبے کے لاہور، اوکارا، فیصل آباد اور مضافاتی اضلاع میں سب سے زیادہ اموات ہوئی ہیں۔ x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے جموں وکشمیر، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور اترپردیش میں اگلے پانچ روز کے دوران موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ پنجاب، ہریانہ اور راجستھان میں بھی ہفتے کے روز تک اِسی طرح کے بارش کے حالات کے رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔

VC Sakshi Singh

موسمیات کے محکمے نے اگلے چوبیس گھنٹے کے دوران دہرہ دون، ٹیہری، رُدر پریاگ، نینی تال، باگیشور اور پتھوڑا ضلع میں کچھ مقامات پر موسلا دھار بارش کی وارننگ دی ہے۔ ساتھ ہی کچھ دیگر اضلاع میں بھی گرج چمک اور بجلی کے ساتھ شدید بارش کا امکان ہے۔ اِس مدت کے دوران ریاست کے سبھی اضلاع کے دور دراز کے علاقوں میں 30سے 40 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔اس دوران مختلف ضلعوں میں رُک رُک کر بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ راجدھانی دہرہ دون سمیت ریاست کے زیادہ تر ضلعوں میں آج صبح بارش ہونے کے بعد آسمان ابر آلود رہا۔

دہرہ دون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر آر کے جینا منی نے کہا کہ پورے مدھیہ پردیش اور جنوب مشرقی اترپردیش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج دلّی میں ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے اور اِس مہینے کی 19 تاریخ سے خطے میں بارش میں بتدریج اضافہ ہوگا۔

S/B: R. K. Jenamani

IMD نے اگلے تین روز کے دوران کیرالہ، ماہے، جنوبی کرناٹک کے اندرونی حصوں میں شدید بارش کے تعلق سے اورینج الرٹ بھی جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ اگلے سات روز کے دوران شمال مشرقی بھارت میں کئی مقامات پر گرج چمک اور بجلی کے ساتھ اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ x

## Bihar Lighthing

بہار میں پچھلے چوبیس گھنٹے کے دوران بجلی گرنے سے کم از کم 19افراد ہلاک اور کئی زخمی ہوگئے۔ آج سہ پہر سب سے زیادہ نالندہ ضلع میں اِس کے بعد ویشالی ضلعے میں چار ہلاکتیں ہوئیں۔ پٹنہ اور بانکا ضلعوں میں دو دو اموات کی خبر ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق یہ سبھی اموات بارش کے دوران ہوئیں، جب یہ لوگ کھیتوں میں کام کر رہے تھے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے واقعات میں جانوں کے اتلاف پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ جناب کمار نے متاثرین کے قریبی لواحقین کو چار چار لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کئی ضلعوں میں بجلی چمکنے، ہواؤں کے جھکڑ چلنے کے ساتھ بارش ہونے کی وارننگ جاری کی ہے۔x

## UP Rain

راجدھانی لکھنؤ سمیت اور مشرقی اور مغربی اترپردیش کے کئی ضلعوں میں آج اوسط سے بھاری بارش ہوئی۔ اِس سلسلے میں تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

VC Om Awasthi

وارانسی کے تمام بڑے گھاٹ زیر آب آچکے ہیں، کیونکہ گنگا کا پانی مسلسل بارش کے باعث ندی کی سطح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ ریاستی وزیر برائے آبی وسائل سوتنترا دیو سنگھ نے کہا ہے کہ حکومت ریاست میں سیلاب کے خدشے کے پیش نظر پوری طرح محطاط ہے۔ Flood پوسٹوں کے ذریعے مسلسل نگرانی کی جارہی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے پریاگ راج ڈیویژن اور بُندیلکھنڈ کُچھ اضلاع میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

لکھنؤ سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں تنویر الفرید

## Jadala Special Olympics

ایشیا کی سب سے اعلیٰ درجہ بندی کی حامل Para Lawn ٹینس معذور کھلاڑی، لکشمی جڈالہ نے نیشنل ٹینس چمپئن شپ 2025(معذور افراد کے کھیل) میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ انھوں نے مدھیہ پردیش کے گوالیار میں

اِس کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اِس کامیابی کے بعد 15 سالہ جڈالہ باضابطہ طور پر اسپیشل اولمپک ورلڈ گیمز، 2027 کیلئے کوالیفائی ہوگئی ہیں۔ یہ مقابلے مصر کے قاہرہ میں منعقد ہوں گے۔ انڈر 17 جونیئر زمرے میں جڈالہ نے اپنے تینوں مقابلے سیدھے سیٹوں میں جیتے اور وہ ناقابل تسخیر رہیں۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جڈالہ نے کہا کہ یہ ٹورنامنٹ جیتنا اور اسپیشل اولمپکس میں بھارت کی نمائندگی کرنا خوابوں کے شرمندۂ تعبیر ہونے کے مترادف ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆